روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 7 مئی 2005ء 22 ربیع الاول 1426 ہجری 7 ہجرت 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 100

ہر راہ کو دیکھا ہے محبت کی نظر سے

آنحضرت ﷺ نے سفروں کے دوران جہاں جہاں قیام کیا اور نمازیں پڑھیں ۔حضرت ابن عمرؓ التزام سے وہاں قیام کرتے اور نمازیں پڑھتے حتیٰ کہ آنحضرت ﷺ کبھی ایک درخت کے نیچے ٹھہرے تھے حضرت ابن عمرؓ ہمیشہ اس کا خیال رکھتے اور اسے پانی دیتے تاکہ وہ خشک نہ ہوجائے۔

(اسد الغابہ جلد3ص227)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا
خطبہ جمعہ تنزانیہ سے براہ راست

13 مئی 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس یدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر پاکستانی وقت کے مطابق 3:00 بجے دوپہر (صرف آڈیو) تنزانیہ سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔احباب نوٹ فرمالیں۔

4

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیا

مشن ہاؤس اور میڈیکل سنٹر کا سنگ بنیاد۔ بیت الذکر کا افتتاح

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

یکم مئی 2005ء

Srikwa Hotel کے ایک ہال میں نماز فجر کی ادائیگی کا انتظام کیا گیا تھا۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اسی ہال میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔

پروگرام کے مطابق آج ایلڈوریٹ (Eldorate) میں مشن ہاؤس کے سنگ بنیاد کی تقریب کے بعد شیانڈا (Shianda) اور پھر وہاں سے کسوموں کے لئے روانگی تھی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ صبح دس بجے ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی۔ دس منٹ کے سفر کے بعد احمدیہ بیت الذکر Eldorate پہنچے۔ یہاں نئی جماعت بنی ہے۔احباب نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ یہاں بیت الذکر کے ساتھ ایک دفتر بھی تعمیر کیا گیا ہے۔حضور انور نے اس کا معائنہ فرمایا۔اس کے مشن ہاؤس کے سنگ بنیاد کی تقریب ہوئی۔جس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بیت الذکر کے ہی قطعہ زمین میں یہ مشن ہاؤس تعمیر کیا جارہا ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بنیادی اینٹ نصب فرمائی۔حضور انور کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے اینٹ رکھی۔ پھر علی الترتیب امیر صاحب کینیا، مربی سلسلہ ایلڈوریٹ، ایڈیشنل وکیل التبشیر ، ایڈیشنل وکیل المال، پرائیویٹ سیکرٹری صاحب، صدر جماعت ایلڈوریٹ اور سب بچوں کی نمائندگی میں ایک مقامی طفل نے اینٹیں رکھیں۔اس کے بعد ایریا چیف Mr. Mayo اور مقامی جماعت کے سب سے عمر رسیدہ بزرگ مکرم موسیٰ واسے صاحب نے اینٹیں رکھیں۔آخری اینٹ صدر لجنہ اماء اللہ کینیا نے رکھی۔

آخر پر حضور انور نے دعا کروائی اور یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔جس کے بعد حاضرین میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

اس کے بعد حضور انور نے بیت الذکر کے احاطہ میں ایک پودا لگایا اور دعا کروائی۔ سنگ بنیاد کی اس تقریب کے موقع پر بعض سکھ احباب اپنی فیملیز کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔حضور انور کچھ دیر تک ان سے گفتگو فرماتے رہے۔انہوں نے بتایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ہومیو پیتھی کتاب سے استفادہ کرکے وہ ہومیو پیتھی علاج بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے ساری کتاب کا مطالعہ کرکے اپنی سہولت کے لئے اپنی زبان میں ڈھالا ہے۔انہوں نے بتایا کہ یہاں کے مربی سلسلہ نے ہماری اس معاملہ میں بہت مدد کی ہے اور یہ سب کچھ ہم نے ان سے ہی سیکھا ہے۔انہوں نے درخواست کی کہ جماعت یہاں ہومیو پیتھی علاج کا انتظام کرے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا اب مشن ہاؤس تعمیر ہورہا ہے انشاء اللہ اس کے ساتھ علاج وغیرہ کی سہولتیں بھی مہیا ہو جائیں گی۔ انہوں نے اس کتاب کے انگریزی ترجمہ کی درخواست کی۔جس پر حضور انور نے فرمایا کہ اس کا ترجمہ ہو چکا ہے۔شائع ہونے کے بعد دستیاب ہوگا۔بہت ہی خوشگوار ماحول میں یہ گفتگو ہوتی رہی۔

حضور انور نے ان احباب سے فرمایا کہ آجائیں اب تصویر کھنچوالیں۔وہ اپنی اس سعادت پر بہت خوش تھے۔اس کے بعد اس علاقہ کے معلمین نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف حاصل کیا۔

اس کے بعد یہاں سے دس بجکر چالیس منٹ پر Shianda کے لئے روانگی ہوئی۔ایلڈوریٹ سے شیانڈا کا فاصلہ 150 کلومیٹر ہے۔دو گھنٹے کے سفر کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز شیانڈا پہنچے۔

احمدیہ بیت الذکر اور مشن ہاؤس شیانڈا مین ہائی وے سے اتر کر کچھ فاصلہ پر ہے۔خدام حضور انور کے انتظار میں حضور انور کی تصویر اپنے ہاتھوں میں بلند کئے مین ہائی وے پر کھڑے تھے۔ جونہی حضور انور کی گاڑی قریب پہنچی تو انہوں نے جوش سے نعرے بلند کرتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا۔

احمدیہ مشن شیانڈا میں ریجن کی 23 جماعتوں سے احباب جماعت مرد وخواتین اور بچے بوڑھے جمع تھے۔ حضور انور کی آمد پر فضا نعروں سے گونج اٹھی۔ بچیاں استقبالیہ نغمات پڑھ رہی تھیں۔ یہاں کے مربی سلسلہ اور صدر جماعت نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔

پروگرام کے مطابق یہاں سب سے پہلے احمدیہ میڈیکل سنٹر کے سنگ بنیاد کی تقریب تھی۔حضور انور نے میڈیکل سنٹر کا نقشہ ملاحظہ فرمایا اور اس تعلق میں ڈاکٹر لئیق احمد انصاری صاحب سے مختلف امور دریافت فرمائے اور موقع پر ہدایات دیں۔سنگ بنیاد کی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔اس کے بعد حضور انور نے پہلی بنیادی اینٹ نصب فرمائی۔حضور انور کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے اینٹ رکھی۔اس کے بعد علی الترتیب امیر جماعت کینیا، ایڈیشنل وکیل التبشیر ، ایڈیشنل وکیل المال، پرائیویٹ سیکرٹری صاحب، انچارج معلم شیانڈا، صدر جماعت شیانڈا، صدر خدام الاحمدیہ کینیا اور صدر لجنہ اماء اللہ کینیا نے اینٹیں رکھیں۔وقف نو بچوں کی نمائندگی میں عزیزہ ناصرہ نے اینٹ رکھی۔سنگ بنیاد کی اس تقریب کے موقع پر ڈسٹرکٹ کمشنر، ڈسٹرکٹ آفیسر اور علاقہ کے چیف بھی موجود تھے۔ان تینوں احباب نے بھی باری باری اینٹیں رکھیں۔ اس کے بعد عبدالکریم ورجوئی صاحب نے اینٹ رکھی۔ یہ صاحب پرانے بزرگ احمدی ہیں اور تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں پڑھے ہوئے ہیں۔آخری اینٹ ڈاکٹر لئیق احمد انصاری صاحب نے رکھی۔

آخر پر حضور انور نے دعا کروائی اور یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ اس کے بعد حضور انور نے مشن ہاؤس کے احاطہ میں تعمیر شدہ نرسری سکول کا معائنہ فرمایا۔

بیت الذکر کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ شیانڈا کا موجودہ میڈیکل سنٹر ہے۔حضور انور اس کے معائنہ کے لئے بھی تشریف لے گئے۔اور اس کے مختلف شعبے دیکھے اور موقع پر ڈاکٹر لئیق احمد انصاری صاحب سے بعض امور دریافت فرمائے اور ہدایات دیں۔اب یہاں وسیع وعریض میڈیکل سنٹر کے قیام سے انشاء اللہ اس سارے علاقہ کو علاج کی بہتر سہولت میسر ہوگی۔

کلینک کے معائنہ کے بعد حضور انور نے احمدیہ بیت الذکر شیانڈا میں نماز ظہر وعصر جمع کرکے پڑھائیں۔اس کے بعد حضور انور رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

دو بجکر چالیس منٹ پر یہاں سے کسوموں (Kisumu) کے لئے روانگی ہوئی۔ شیانڈا سے کسوموں کا فاصلہ 80 کلومیٹر ہے۔حضور انور سیدھے امپیریل ہوٹل (Imperial Hotel) پہنچے جہاں جماعت نے حضور انور کے استقبال اور قیام کا انتظام کیا ہوا تھا۔جونہی حضور انور کی گاڑی ہوٹل کے سامنے پہنچی

(باقی مسلسل صفحہ 2 پر)

تو ریجنل مربی سلسلہ محمد افضل ظفر صاحب نے لوکل و ریجنل مجلس عاملہ، معلمین اور دیگر معززین کے ساتھ حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور انور کی آمد پر احباب جماعت مرد اور عورتیں نیز بچے بچیاں دورویہ کھڑے ہو کر نعرہ ہائے تکبیر بلند کر رہے تھے۔ بچیاں خوبصورت لباس میں ملبوس استقبالیہ نغمے پڑھ رہی تھیں۔ وہ یہ نغمے اردو، سواحیلی اور عربی زبان میں پڑھ رہی تھیں۔ جب افریقن بچیاں اردو زبان میں خوش الحانی سے ترنم کے ساتھ نظمیں پڑھ رہی تھیں تو وہ بہت خوش کن منظر تھا۔ خواتین بھی خوشی و مسرت سے والہانہ انداز میں نعرے لگا رہی تھیں۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ ہلا کر سب کے نعروں کا جواب دیا اور پھر اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

شام چھ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ہوٹل سے احمدیہ بیت الذکر کسوموں کے لئے روانہ ہوئے۔ جہاں کسوموں شہر اور ریجن کی دوسری جماعتوں سے آئے ہوئے احباب جماعت مرد و خواتین نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کا والہانہ استقبال کیا۔ اھلاً وسھلاً و مرحبا کی آوازیں ہر طرف سے آ رہی تھیں۔ سبھی کے چہروں سے خوشی و مسرت عیاں تھی۔ یہ سبھی وہ لوگ تھے جنہوں نے اپنی زندگیوں میں پہلی مرتبہ حضور انور کے چہرہ مبارک کو اپنے سامنے دیکھا تھا۔ آج ان کا پیارا آقا ان میں موجود تھا۔ سبھی کے ہاتھ بلند تھے اور والہانہ طور پر نعرے لگا رہے تھے۔

نمازوں کی ادائیگی سے قبل حضور انور نے احباب جماعت سے دریافت فرمایا کہ یہاں سب سے پرانے احمدی کون سے ہیں۔ حضور انور کا یہ ارشاد سن کر ایک معمر بزرگ اسحاق اوریاھا صاحب آگے آئے اور حضور انور کے دریافت کرنے پر بتایا کہ انہوں نے 1952ء میں مکرم مولانا محمد منور صاحب مرحوم کے ذریعہ بیعت کی تھی۔ حضور انور نے ان سے ان کے بچوں کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ تو انہوں نے بتایا کہ وہ سب اللہ کے فضل سے احمدی ہیں۔

حضور انور نے ان سے فرمایا کہ کیا کوئی اور بھی پرانے احمدیوں میں سے موجود ہے تو انہوں نے بتایا کہ ایک خاتون موجود ہیں۔ اس خاتون نے 1953ء میں بیعت کی تھی۔ اب کسوموں اور اس کے اردگرد کے علاقہ میانزا ریجن میں زیادہ تر نئے احمدی ہیں۔

اس کے بعد حضور انور نے سات بجے بیت احمدیہ نیروبی میں نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نماز کے بعد دو بچیوں عزیزہ سائرہ لئیق بنت ڈاکٹر لئیق احمد صاحب انصاری اور عزیزہ عطیۃ المنعم بنت محمد افضل ظفر صاحب مربی سلسلہ کسوموں ریجن کی تقریب آمین ہوئی۔ حضور انور نے ان دونوں بچیوں سے قرآن کریم سنا اور پھر دعا کروائی۔

دعا کے بعد حضور انور کچھ دیر کے لئے ازراہ شفقت محمد افضل ظفر صاحب مربی سلسلہ کسوموں کے گھر جو بیت الذکر کے احاطہ میں ہی تھا تشریف لے گئے۔ اس کے بعد واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔

اسی ہوٹل میں جماعت نے ایک Reception (عشائیہ) کا اہتمام کیا تھا۔ پروگرام کے مطابق رات آٹھ بجکر بیس منٹ پر حضور انور اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔ حضور انور کی آمد سے قبل مہمان حضرات ہال میں تشریف لا چکے تھے۔ بعض مہمان حضور انور کے انتظار میں ہال کے دروازہ پر کھڑے تھے۔ جونہی حضور انور تشریف لائے تو انہوں نے اپنا تعارف کروانے کے ساتھ شرف مصافحہ حاصل کیا۔ ان لوگوں میں کسوموں شہر کی میئر، کسوموں ایسٹ کے ممبر پارلیمنٹ Hon. Mr. Gov Sungu اور کسوموں ویسٹ کے ممبر آف پالیمنٹ Hon. Rewkenn O. Nayagudi اور سابق میئر کسوموں شکیل احمد شبیر صاحب اور دیگر گورنمنٹ افسران شامل تھے۔

اس تقریب کا آغاز ساڑھے آٹھ بجے قرآن کریم کی تلاوت سے ہوا جو خواجہ مظفر احمد صاحب مربی سلسلہ زمبابوے نے کی۔ اس کے بعد صدر جماعت کسوموں نے استقبالیہ ایڈریس پیش کیا اور حضور انور کی کسوموں شہر میں تشریف آوری پر احباب جماعت کی طرف سے شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔

کھانے کے بعد مہمان حضرات باری باری حضور انور سے ملاقات کے لئے تشریف لاتے رہے۔ حضور انور ان سے ملاقات کے ساتھ ساتھ گفتگو بھی فرماتے رہے۔

ان لوگوں میں Dr. Angaua Francis The Dean of Faculty of Art & Social Sciences Masino University اور شعبہ ریلیجن اینڈ فلاسفی Sussy. G. Kingat صاحب، ڈاکٹر سورش نہرا صاحب میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نیانزا جنرل ہسپتال کسوموں، چیف قاضی کسوموں ریجن ابوبکر صاحب، میجر ڈیوڈ اوکاتھ صاحب انچارج سالویشن آرمی چرچ کسوموں، کاپٹک چرچ کسوموں کے بشپ اور Mr. Ali Boya ریجنل مینیجر ٹیلی کام نیانزا ریجن شامل تھے۔

اس کے علاوہ اس تقریب میں ریجنل پوسٹل مینیجر نیانزا ریجن، پروونشل ڈائریکٹر آف ایجوکیشن نیانزا، دیگر صوبائی و ضلعی انتظامیہ کے افسران، وکلاء، محکمہ صحت و تعلیم کے افسران، مقامی کونسلرز، چیفس اور مختلف مذہبی جماعتوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

رات نو بجکر پچاس منٹ پر یہ پروگرام اختتام کو پہنچا۔ جب حضور انور واپس جانے لگے تو اس وقت بھی مہمانوں کے پاس سے گزرتے ہوئے بعض احباب کو مصافحہ کا شرف بخشا اور بعض سے گفتگو بھی فرمائی۔ اس کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

2 مئی 2005ء

نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدیہ بیت الذکر کسوموں میں پڑھائی۔ اس بیت الذکر کی تعمیر پچاس سال قبل ہوئی تھی۔ بیت کے احاطہ میں ہی احمدیہ مشن ہاؤس کسوموں کی عمارت ہے اور ساتھ ہی مربی سلسلہ کی رہائش گاہ ہے۔

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد حضور انور واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔ صبح دس بجے حضور انور احمدیہ میڈیکل کلینک Kondele کے معائنہ کیلئے روانہ ہوئے۔ یہ میڈیکل کلینک کسوموں شہر کی Kondele اسٹیٹ میں واقع ہے۔ اس کلینک کا آغاز چار سال قبل ہوا تھا۔ کلینک کی عمارت کو جھنڈیوں اور استقبالیہ بینرز سے سجایا گیا تھا۔ علاقہ کے قریباً تین صد افراد نے سڑک کے دونوں طرف نہایت ترتیب اور نظم و ضبط کے ساتھ کھڑے ہو کر حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

حضور انور جب کار سے باہر تشریف لائے تو عزیزہ سائرہ باسم باری صاحبہ نے حضور انور کی خدمت میں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس کلینک کے انچارج ڈاکٹر لئیق احمد صاحب انصاری نے اپنے سٹاف کے ساتھ حضور انور کا استقبال کیا۔ استقبال کرنے والوں میں شکیل احمد شبیر صاحب بھی شامل تھے یہ صاحب کسوموں کے سب سے بڑے ہسپتال New Nyanza Provincial G.Hospital کے بورڈ آف گورنر کے چیئرمین ہیں اور کسوموں کے سابق میئر بھی رہے ہیں۔ کلینک کے سٹاف سے تعارف کے بعد حضور انور نے کلینک کے جملہ شعبوں کا معائنہ فرمایا۔ معائنہ کے دوران حضور انور ڈاکٹر انصاری صاحب سے مختلف مشینوں اور دیگر امور کے بارہ میں دریافت فرماتے رہے اور ساتھ ساتھ ہدایات دیتے رہے۔

یہ کلینک فی الحال ایک Out Patient کلینک ہے۔ جس کے گردونواح میں آباد لوگوں کی اکثریت غرباء پر مشتمل ہے۔ جو کثرت سے بیماریوں کا شکار ہیں۔ مگر غربت کی وجہ سے مناسب علاج معالجہ کی توفیق نہیں رکھتے۔ یہ کلینک ان کو بہت کم قیمت پر اور مفت علاج کی سہولت بھی مہیا کرتا ہے۔

معائنہ کے دوران حضور انور شکیل شبیر صاحب سے اس علاقہ میں صحت سے متعلق مختلف پہلوؤں اور اس سلسلہ میں سرکاری ہسپتال کے ساتھ تعاون پر گفتگو فرماتے رہے۔

حضور انور نے ECG، الٹرا ساؤنڈ اور کچھ دیگر آلات کے استعمال کیلئے مناسب ٹریننگ پر زور دیا تا کہ اس سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکے۔ حضور انور نے فرمایا **بڑی عمارت سے کوئی ادارہ بڑا نہیں کہلاتا بلکہ اپنی سروسز سے بڑا بنتا ہے۔**

لیبارٹری کے معائنہ کے دوران حضور انور نے لیبارٹری ٹیکنیشن سے اس کی کوالیفیکیشن کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ نیز پوچھا یہاں کون کون سے Test ہوتے ہیں۔

حضور انور کلینک میں ڈینٹل سرجری والے حصہ میں بھی تشریف لے گئے اور وہاں موجود مختلف مشینوں کے بارہ میں دریافت فرمایا اور معلومات حاصل کیں۔

حضور انور کو بتایا گیا کہ سرکاری ہسپتال سے ڈینٹسٹ یہاں آ کر پارٹ ٹائم کام کرتے ہیں۔ حضور انور نے ڈینٹل سروسز بہتر بنانے کی ہدایت فرمائی۔ حضور انور نے یہ بھی فرمایا کہ پرانی مشینیں عموماً نئی مشینوں کے مقابل پر زیادہ مضبوط اور دیرپا ہوتی ہیں۔ حضور انور نے کلینک میں صفائی کے معیار کی تعریف فرمائی۔

کلینک کے دیگر حصوں کے معائنہ کے بعد حضور انور ڈاکٹر روم میں تشریف فرما ہوئے اور سرکاری ہسپتال کے چیئرمین سے شعبہ صحت سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی گفتگو فرمائی۔ خصوصاً انتقال خون اور ایڈز سے متعلق چیئرمین موصوف نے بتایا کہ سرکاری ہسپتال میں ایک موبائل کلینک یونٹ بیکار پڑا ہے جو ہماری جماعت کی طرف سے میڈیکل کیمپس لگانے کیلئے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنی چاہئے اور کیمپس لگانے چاہئیں۔ حضور انور نے فرمایا ہمارے اس ریجن کے پچاس خدام کو عطیات خون پیش کرنے چاہئیں۔

آخر پر حضور انور نے Visitors Book پر درج ذیل ریمارکس رقم فرمائے۔

May Allah reward Dr. Ansari for his services to the poor people of this area.

Allah help him to continue with the same spirit (Amin) Overall standard of cleanliness of the hospital is really commendable.

احمدیہ کلینک کے تفصیلی معائنہ کے بعد حضور انور گورنمنٹ ہسپتال کے چیئرمین شکیل احمد شبیر صاحب کی درخواست پر ان کے ہسپتال میں امریکہ کے CDC کے تعاون سے قائم شدہ تحقیقی یونٹ "میڈیکل ریسرچ سنٹر" کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور نے "Regional Blood Transfusion Centre Kisumu" اور "Nyanza Provincial General Hospital" کا بھی راؤنڈ فرمایا۔

اس کے بعد حضور انور احمدیہ بیت الذکر بانجا (Banja) کے افتتاح کے لئے تشریف لے گئے۔ یہ جگہ کسوموں شہر سے تقریباً 30 کلو میٹر کے فاصلہ پر 'سرپے گمبوگی' روڈ پر واقع ہے۔ یہاں چند سال قبل جماعت قائم ہوئی تھی اور ایک کرایہ کی عمارت میں سنٹر قائم کیا گیا تھا۔ اب جماعت کو یہاں اپنی بیت الذکر بنانے کی توفیق ملی ہے۔ اکتوبر 2004ء میں بیت الذکر کی تعمیر کا کام شروع ہوا جو فروری 2005ء میں مکمل ہوا۔

حضور انور ساڑھے گیارہ بجے یہاں پہنچے تو کسوموں ریجن کے مربی انچارج نے اپنی عاملہ کے ممبران، احباب جماعت اور دیگر معززین علاقہ اور چیف و اسسٹنٹ چیف کے ہمراہ حضور انور کا استقبال کیا اور خوش آمدید کہا۔ اس وقت بچے، بچیاں اور مستورات عربی، لوکل زبان نیز اردو زبان میں استقبالیہ

(باقی صفحہ 12 پر)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

فضل احمد شاہد صاحب

تعارف کتب حضرت مسیح موعود

ایام الصلح

حضرت اقدس مسیح موعود نے 6 فروری 1898ء کو طاعون کے بارہ میں اشتہار شائع فرمایا۔ اس اشتہار کے مطالعہ کے بعد بعض لوگوں کے دلوں میں یہ اعتراض پیدا ہوا کہ لوگوں کو اوّل یہ بتانا کہ اس مرض کے استیصال کے لیے تدبیر یا دوا ہے اور پھر یہ کہنا کہ شامت اعمال سے یہ مرض پھیلتی ہے ان دونوں باتوں میں تناقض ہے۔ اس کتاب کے شروع میں آپ نے اس اعتراض کا مفصل جواب دیا۔ اور اس ضمن میں دعا اور تدبیر۔ تقدیر کا فلسفہ اور ان میں باہمی موافقت اور مطابقت کا ذکر فرماتے ہوئے۔ حقائق و معارف سے لبریز شیریں مضمون بیان فرمایا۔ اور اس کے علاوہ متعدد مضامین پر روشنی ڈالی۔ ان مضامین کی اہمیت۔ اس پر معارف کتاب کے مطالعہ سے احباب پر عیاں ہو گی۔ اس کتاب کے مطالعہ کی چاٹ لگانے کی خاطر چند اہم باتیں درج ذیل ہیں۔ (حوالہ جات کے تمام صفحات روحانی خزائن جلد 14 سے لئے گئے ہیں)

وجہ تسمیہ

اس کتاب کا ایام الصلح۔ نام رکھنے کی وجہ آپ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ چونکہ مسیح موعود کے زمانہ میں یضع الحرب کی پیشگوئی کے مطابق مذہبی جنگیں نہیں ہوں گی بلکہ ایک نئی تبدیلی سے جو دلوں میں پیدا ہو گی باطل ہلاک ہوگا'' اور سلامتی اور امن کے ساتھ حق اور توحید اور صدق اور ایمان کی ترقی ہو گی اور عداوتیں اُٹھ جائیں گی۔ اور صلح کے ایام آئیں گے تب دنیا کا اخیر ہو گا۔ اسی وجہ سے ہم نے اس کتاب کا نام بھی ایام الصلح رکھا۔'' (ص 286)

کتاب کی اہمیت

حضرت مسیح موعود کے الفاظ میں اس کتاب کی اہمیت یہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

''میں ناظرین کو یہ نصیحت کرتا ہوں کہ وہ میری اس کتاب کو سرسری نظر سے نہ دیکھیں۔ میں نے اُن کو وہ پیغام پہنچایا ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مجھ کو ملا ہے اور میں یقین کرتا ہوں کہ میں نے سب پر حجت پوری کردی ہے۔'' (ص 424)

دعا کی اہمیت

دعا کی اہمیت بیان کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں: ''ہر ایک بیت العلم کی کنجی دعا ہی ہے اور کوئی علم اور معرفت کا دقیقہ نہیں جو بغیر اس کے ظہور میں آیا ہو ...... عارفوں کی دعا آداب معرفت کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے اور اُن کی روح مبدء فیض کو شناخت کر کے بصیرت کے ساتھ اس کی طرف ہاتھ پھیلاتی ہے اور مجوبوں کی دعا صرف ایک سرگردانی ہے جو فکر اور غور اور طلب اسباب کے رنگ میں ظاہر ہوتی ہے۔ (ص 230)

''ہزاروں عارفوں راستبازوں کا تجربہ گواہی دے رہا ہے کہ درحقیقت دعا میں ایک قوتِ جذب ہے اور ہم بھی اپنی کتابوں میں اس بارے میں اپنے ذاتی تجارب لکھ چکے ہیں اور تجربہ سے بڑھ کر اور کوئی ثبوت نہیں'' (حاشیہ ص 232)

''اصل مطلب دعا سے اطمینان اور تسلی اور حقیقی خوشحالی کا پانا ہے اور یہ ہرگز صحیح نہیں کہ ہماری حقیقی خوشحالی صرف اسی امر میں میسر آ سکتی ہے جس کو ہم بذریعہ دعا چاہتے ہیں۔ بلکہ وہ خدا جو جانتا ہے کہ ہماری حقیقی خوشحالی کس امر میں ہے وہ کامل دعا کے بعد ہمیں عنایت کر دیتا ہے۔ جو شخص روح کی سچائی سے دعا کرتا ہے وہ ممکن نہیں کہ حقیقی طور پر نامراد رہ سکے۔ بلکہ وہ خوشحالی جو نہ صرف دولت سے مل سکتی ہے اور نہ حکومت سے اور نہ صحت سے بلکہ خدا کے ہاتھ میں ہے جس پیرایہ میں چاہے وہ عنایت کر سکتا ہے۔ ہاں وہ کامل دعاؤں سے عنایت کی جاتی ہے اگر خدا تعالیٰ چاہتا ہے تو ایک مخلص صادق کو عین مصیبت کے وقت میں دعا کے بعد وہ لذت حاصل ہو جاتی ہے جو ایک شہنشاہ کو تخت شاہی پر حاصل نہیں ہو سکتی۔ سو اسی کا نام حقیقی مرادیابی ہے جو آخر دعا کرنے والوں کو ملتی ہے اور اُن کی آفات کا خاتمہ بڑی خوشحالی کے ساتھ ہوتا ہے۔ لیکن اگر اطمینان اور سچی خوشحالی حاصل نہیں ہوتی تو ہماری کامیابی بھی ہمارے لئے ایک دکھ ہے۔ سو یہ اطمینان اور روح کی سچی خوشحالی تدابیر سے ہرگز نہیں ملتی۔ بلکہ محض دعا سے ملتی ہے۔ مگر جو لوگ خاتمہ پر نظر نہیں رکھتے۔ وہ ایک ظاہری مرادیابی یا نامرادی کو دیکھ کر مدار فیصلہ اسی کو ٹھہرا دیتے ہیں۔ اور اصل بات یہ ہے کہ خاتمہ بالخیر اُن ہی کا ہوتا ہے جو خدا سے ڈرتے اور دعا میں مشغول ہوتے ہیں اور وہی بذریعہ حقیقی اور مبارک خوشحالی کے سچی مرادیابی کی دولتِ عظمیٰ پاتے ہیں۔'' ص 237)

دعا کے مضمون پر عارفانہ شان سے روشنی ڈالتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''دعا اور استجابت میں ایک رشتہ ہے کہ ابتداء سے اور جب سے کہ انسان پیدا ہوا برابر چلا آتا ہے۔ جب خدا تعالیٰ کا ارادہ کسی بات کے کرنے کے لئے توجہ فرماتا ہے تو سنت اللہ یہ ہے کہ اُس کا کوئی مخلص بندہ اضطرار اور کرب اور قلق کے ساتھ دعا کرنے میں مشغول ہو جاتا ہے اور اپنی تمام ہمت اور تمام توجہ اس امر کے ہو جانے کے لئے مصروف کرتا ہے۔ تب اس مردِ فانی کی دعائیں فیوض الٰہی کو آسمان سے کھینچتی ہیں اور خدا تعالیٰ ایسے نئے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن سے کام بن جائے۔ یہ دعا اگرچہ بعالم ظاہر انسان کے ہاتھوں سے ہوتی ہے مگر درحقیقت وہ انسان خدا میں فانی ہوتا ہے اور دعا کرنے کے وقت میں حضرت احدیت و جلال میں ایسے فنا کے قدم سے آتا ہے کہ اُس وقت وہ ہاتھ اُس کا ہاتھ نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے یہی دعا ہے جس سے خدا پہچانا جاتا ہے اور اس ذوالجلال کی ہستی کا پتہ لگتا ہے جو ہزاروں پردوں میں مخفی ہے۔ دعا کرنے والوں کے لئے آسمان زمین سے نزدیک آ جاتا ہے اور دعا قبول ہو کر مشکل کشائی کے لئے نئے اسباب پیدا کئے جاتے ہیں اور اُن کا علم پیش از وقت دیا جاتا ہے اور کم سے کم یہ کہ میخ آہنی کی طرح قبولیت دعا کا یقین غیب سے دل میں بیٹھ جاتا ہے۔ سچ یہی ہے کہ اگر یہ دعا نہ ہوتی تو کوئی انسان خدا شناسی کے بارے میں حق الیقین تک نہ پہنچ سکتا۔ دعا سے الہام ملتا ہے دعا سے ہم خدا تعالیٰ کے ساتھ کلام کرتے ہیں۔ جب انسان اخلاص اور توحید اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اُس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ دعا کی ضرورت نہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہم اپنے دنیوی مطالب کو پاویں بلکہ کوئی انسان بغیر ان قدرتی نشانوں کے ظاہر ہونے کے جو دعا کے بعد ظاہر ہوئے ہیں اُس سچے ذوالجلال خدا کو پا ہی نہیں سکتا جس سے بہت سے دل دور پڑے ہوئے ہیں۔'' (ص 239)

میں نے دعا کے بارہ میں متعدد معرفت سے لبریز ارشادات سے چند سطور درج کی ہیں۔ ورنہ ساری کتاب میں دعا کا مضمون اتنے پیارے رنگ میں بیان کیا گیا ہے کہ ہر فقرے سے لذت آتی ہے اور یہ مبارک عبارتیں دل پر ایک بہت اعلیٰ درجہ کی بہار کا رنگ پیدا کرتی ہیں۔ اور انسان کے دل میں دعا کے میدان میں صاحب تجربہ ہونے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔

جسمانی پاکیزگی کی اہمیت

حضرت مسیح موعود نے ایک عظیم روحانی مصلح کے طور پر قرآنی تعلیمات کا مطالعہ کرتے ہوئے اپنی کتابوں میں اس بات کو بار بار بیان فرمایا ہے کہ روحانی اور جسمانی پاکیزگی کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ اس مضمون کو آپ نے ''ایام الصلح'' میں بھی بیان فرمایا۔ حضور کے کچھ مبارک الفاظ درج ذیل ہیں۔

''جو شخص جسمانی پاکیزگی کی رعایت کو بالکل چھوڑ دیتا ہے وہ رفتہ رفتہ وحشیانہ حالت میں گر کر روحانی پاکیزگی سے بھی بے نصیب رہ جاتا ہے۔ مثلاً چند روز دانتوں کا خلال کرنا چھوڑ دو جو ایک ادنیٰ صفائی کے درجہ پر ہے تو وہ فضلات جو دانتوں میں پھنسے رہیں گے۔ اُن میں سے مردار کی بو آئے گی۔ آخر دانت خراب ہو جائیں گے اور اُن کا زہریلا اثر معدہ پر گر کر معدہ بھی فاسد ہو جائے گا۔ خود غور کر کے دیکھو کہ جب دانتوں کے اندر کسی بوٹی کا رگ و ریشہ یا کوئی جز پھنسا رہ جاتا ہے اور اُسی وقت خلال کے ساتھ نکالا نہیں جاتا تو ایک رات بھی اگر رہ جائے تو سخت بدبو اُس میں پیدا ہو جاتی ہے اور ایسی بدبو آتی ہے جیسا کہ چوہا مرا ہوا ہوتا ہے۔'' (ص 332)

اسی طرح حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''ہمارے ہی تجارب ہمیں بتلا رہے ہیں کہ ہمیں جیسا کہ روحانی پاکیزگی کی روحانی صحت کے لئے ضرورت ہے ایسا ہی ہمیں جسمانی صحت کے لئے جسمانی پاکیزگی کی ضرورت ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ ہماری جسمانی پاکیزگی کو ہماری روحانی پاکیزگی میں بہت کچھ دخل ہے کیونکہ جب ہم جسمانی پاکیزگی کو چھوڑ کر اُس کے بدنتائج یعنی خطرناک بیماریوں کو بھگتنے لگتے ہیں تو اُس وقت ہمارے دینی فرائض میں بھی بہت حرج ہو جاتا ہے اور ہم بیمار ہو کر ایسے نکمے ہو جاتے ہیں کہ کوئی خدمت دینی بجا نہیں لا سکتے اور یا چند روز دکھ اُٹھا کر اس دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں بلکہ بجائے اس کے کہ بنی نوع کی خدمت کر سکیں اپنی جسمانی ناپاکیوں اور ترک قواعد حفظان صحت سے اوروں کے لئے وبال جان ہو جاتے ہیں اور آخر ان ناپاکیوں کا ذخیرہ جس کو ہم اپنے ہاتھ سے اکٹھا کرتے ہیں وبا کی صورت میں مشتعل ہو کر تمام ملک کو دکھاتا ہے اور اس تمام مصیبت کا موجب ہم ہی ہوتے ہیں۔ کیونکہ ہم ظاہری پاکی کے اصولوں کی رعایت نہیں رکھتے۔ پس دیکھو کہ قرآنی اصولوں کو چھوڑ کر اور فرقانی وصایا کو ترک کر کے کیا کچھ بلائیں انسانوں پر وارد ہوتی ہیں۔'' (ص 333)

پاکیزہ اور بابرکت نصائح

اس کتاب میں حضرت مسیح موعود کی مبارک اور درد دل سے نکلی ہوئی نصائح بھی ہیں۔ حکیمانہ اور عارفانہ رنگ میں آپ ایک مقام پر تعلق باللہ کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اے لوگو! خدا سے ڈرو اور درحقیقت اس سے صلح کرلو۔ اور سچ مُچ صلاحیت کا جامہ پہن لو اور چاہئے کہ ہر ایک شرارت تم سے دور ہو جائے۔ خدا میں بے انتہا عجیب قدرتیں ہیں۔ خدا میں بے انتہا طاقتیں ہیں خدا میں بے انتہا رحم اور فضل ہے۔ وہی ہے جو ایک

(باقی صفحہ 6 پر)

حاجی ملک لطیف احمد صاحب

والدہ محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ کی یاد میں

میری والدہ محترمہ عائشہ بی بی اہلیہ میاں سلطان بخش صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ کلر کہار تھیں۔ کلر کہار میں غالباً پہلی احمدی خاتون تھیں۔ جب جماعت قائم ہوئی تو صدر لجنہ کے طور پر کام کرنے کا موقع بھی ملا۔ باوجود دیہاتی ہونے کے دوسری احمدی دیہاتی خواتین کی خوب تربیت کی۔ والدہ مرحومہ پیدائشی احمدی تھیں۔ 1908ء میں ایک نڈر احمدی مکرم میاں حسن دین صاحب کے گھر پیدا ہوئیں۔ 1926ء میں شادی ہوئی اور کلر کہار آ گئیں۔ اس طرح کلر کہار میں پہلا احمدی جوڑا بنا۔ یکم جنوری 1963ء کو وصیت کی۔ اپنی زندگی میں سارے واجبات ادا کر دیئے۔ بروقت چندہ جات اور نماز کی ادائیگی کا خاص خیال رکھتیں۔

اللہ تعالیٰ نے کئی اوصاف حمیدہ سے نوازا تھا۔ جس طرح ''لاکھوں میں ایک'' والی بات کی جاتی ہے ان پر صادق آتی تھی۔ کلر کہار گاؤں میں ابا اور اماں کے الفاظ ہمارے گھر سے شروع ہوئے۔ ہم بہنوں اور بھائیوں کے ہم عمر بچے ہمارے ابا جی اور اماں جی الفاظ سے پکارتے۔ جب وہ اماں جی پکارتے تو اسی طرح حقیقی والدہ کی طرح ان پر شفقت فرماتیں۔ سارے گاؤں میں مقبول ترین والدہ تصور کی جاتی تھیں۔ تاوقت وفات معزز مقام حاصل رہا۔

جب کلر کہار میں جماعت احمدیہ کا قیام ہوا تو مرکز سے نمائندگان کی آمد شروع ہوگئی۔ ان نمائندگان کے قیام وطعام کا بندوبست بڑے احسن رنگ میں سرانجام دیتیں۔ جب وہ نمائندگان واپس مرکز میں تشریف لاتے تو بڑے اچھے تاثرات کا اظہار کرتے۔

ہمارے والدین تعلیم کی اہمیت سے آگہی رکھتے تھے۔ ہم تینوں بھائیوں کو پرائمری پاس کروانے کے بعد جدائی کا صدمہ برداشت کرتے ہوئے مرکز میں بغرض حصول تعلیم بھجواتے رہے۔ ان دنوں پرائمری چار جماعتوں پر مشتمل ہوتی تھی۔ اتنے چھوٹے بچوں کو اپنے سے جدا کرنا بڑا مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے کمال فضل سے گفتگو کا سلیقہ عطا فرمایا ہوا تھا۔ اپنے ہوں یا غیر سب کے ساتھ بڑے اچھے الفاظ بلکہ دوران گفتگو بمطابق موقع شعر بھی شامل گفتگو کرتیں۔ ایک دفعہ میرے داماد کے دوست اماں جی کے پاس بغرض سلام و پیام حاضر ہوئے۔ جب وہ دوست واپس گئے تو کہنے لگے کہ میں نے اپنی زندگی میں اتنی پیاری گفتگو اور شفقت کسی عورت میں نہیں دیکھی۔ بڑی عظیم شخصیت ہیں۔

کہتے ہیں کہ مہمان اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتے ہیں۔ اس قول کو سچ سمجھتی تھیں اور یقین کامل تھا۔ اس لئے مہمان کی مہمان نوازی اچھے رنگ میں کرتی تھیں۔ کسی زمانہ میں ہمارے علاقہ سے لوگ بیل خریدنے آتے تھے اور پیدل سفر کرتے تھے۔ ایک دفعہ دو بیوپاری جن کے پاس بیل بھی تھے ان کو رات کلر کہار میں بسر کرنی تھی۔ انہوں نے کسی سے پوچھا کہ ہم یہاں رات قیام کرنا چاہتے ہیں کیا ہمیں کوئی رکھ لے گا۔ گاؤں کا ہر آدمی جانتا تھا کہ اماں جی کے پاس جگہ بھی ہے اور استطاعت بھی ہے اور مہمانوں سے گھبراتے بھی نہیں اس لئے ہمارے گھر کا پتہ بتا دیا۔ ان کا اور ان کے مویشیوں کا بڑے اچھے رنگ میں انتظام کر دیا۔ صبح انہوں نے بوقت روانگی بڑی خوشی کا اظہار کیا اور دعائیں دیتے ہوئے رخصت ہو گئے۔ ایسے مواقع پر ابا جی محترم کو پیغام حق پہنچانے کا بھی موقع مل جاتا۔

اولاد کی تعلیم و تربیت کا بڑا خیال تھا۔ ہمارے گاؤں میں بچیوں کا سکول نہ تھا۔ یہ 1943ء کا ذکر ہے۔ بچوں کا سکول پرائمری تک تھا۔ اس وقت سکول کے ہیڈ ماسٹر ہمارے ننھیال کے رہنے والے تھے جن کا نام مکرم حق نواز صاحب تھا۔ ان کو اماں جی نے کہا کہ بھائی صاحب میں اپنی بچی کو پڑھانا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپا جی یہ تو بڑی اچھی بات ہے میں بچی کو اپنے پاس بٹھا کر پڑھا دوں گا۔ اس طرح کلر کہار میں سب سے پہلی تعلیم حاصل کرنے والی بچی تھی۔ پرائمری فائنل کا ممتحن ایک سکھ تھا جب بچوں کے نام لے کر قطار میں بٹھا رہا تھا تو میری آپا جی کا نام پڑھ کر چونکا اور ماسٹر صاحب کی طرف دیکھا۔ ماسٹر صاحب نے کہا کہ آپ کا چونکنا درست ہے۔ یہ میری بھانجی امۃ الرحیم ہے۔ چنانچہ وہ ممتحن بہت خوش ہوئے اور اپنی کرسی کے پاس ہی بٹھا کر امتحان لیا۔ اس کے بعد اور چند چیدہ چیدہ لوگوں نے اماں جی سے کہا کہ اپنے بھائی صاحب سے کہو کہ ہماری بچیوں کو بھی پڑھا دیا کریں۔ پیاری اماں جی کو تعلیم کے فوائد کی اہمیت و آگہی نے کمال قربانی کا جذبہ عطا فرمایا تھا اسی جذبہ کے تحت چھوٹے چھوٹے بچوں کو پیار کی قربانی دے کر اپنے سے جدا کیا اور ہمیں تعلیم مرکز میں دلوائی۔ بچپن سے مرکز سے وابستگی نے ہماری زندگیوں پر بہت اچھا اثر ڈالا۔ تادم حیات ہم سب بہن بھائی اپنے والدین کے جذبات اور قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے اور دعا گو ہیں کہ مولیٰ کریم ان کے درجات بلند فرمائے۔

ایک اور قابل مثال واقعہ تحریر کرتا ہوں جس سے خاوند کی اطاعت اور وابستگی ظاہر ہوتی ہے۔ وہ اس طرح کہ ہمارے ننھیال میں ایک شادی کا موقع تھا جس میں ڈھول پیٹا جا رہا تھا۔ مکرم والد صاحب نے کہا کہ میں تو ڈھول کی وجہ سے اس شادی میں شریک نہیں ہوسکتا تو اماں جی نے کہا کہ پھر میں اکیلی کیسے شریک ہو سکتی ہوں۔ جب ہمارے نانا جی میاں حسن دین صاحب جنہوں نے بذریعہ خط حضرت مسیح موعود کی بیعت کی تھی اور رعب دار احمدی تھے کو معلوم ہوا کہ میرا داماد محض ڈھول کی وجہ سے شادی میں شرکت سے انکاری ہے تو انہوں نے ساری برادری کو کہا کہ اگر ڈھول بجوانا بند کر دو تو ہم شادی میں شریک ہوں گے ورنہ نہیں چنانچہ ڈھول ختم کر دیا گیا اور ہمارے ابا جی اور اماں جی وغیرہ شادی میں شریک ہوئے یہ اقدام احمدیت کی ترقی کا موجب ہوا۔

ایک دفعہ بیت اقصیٰ میں میرے بھائی جان ملک منور احمد جہلمی صاحب کی حضرت مولوی محمد حسین صاحب سبز پگڑی والے رفیق حضرت مسیح موعود سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ منور تمہاری والدہ صاحبہ ماشاء اللہ بڑی بااخلاق اور مہمان نواز خاتون ہیں۔ اسی طرح مکرم برادرم محمد عثمان صاحب چینی اپنی بیگم صاحبہ کے ساتھ جب کلر کہار سے واپس آئے تو ان کی بیگم نے بھائی جان سے کہا کہ Your Mother is very good. یہ الفاظ تین دفعہ دہرائے۔

جب ہمارے والدین ضعیف ہو گئے اور ان کے پاس رہنے والا کوئی نہیں تھا تو ہم انہیں اپنے پاس ربوہ لے آئے۔ جب ہر سال گرمیوں کی چھٹیوں میں کلر کہار جاتے تو جونہی اہل محلّہ کے بچوں بچیوں کو پتہ چلتا کہ اماں جی آ گئے ہیں تو فوراً ملاقات کے لئے حاضر ہو جاتے۔ وہ موقع دید کے قابل ہوتا کہ اماں جی باوجود لمبے سفر کی تھکاوٹ کے کس طرح کھل کھل کر سب بچوں بچیوں کو پیار کرتیں اور کسی بھی بچے کو فراموش نہ کرتیں ہر ایک سے برابر کی شفقت و پیار کرتیں اور ہر بچہ یہی خیال کرتا کہ اماں جی مجھے ہی سب سے زیادہ پیار کرتی ہیں۔

الحمدللہ کلر کہار میں ہمارے والد صاحب اور والدہ صاحبہ پہلا احمدی جوڑا تھے جنہوں نے ایک سچے احمدی کی طرح عملی نمونہ پیش کیا۔ جس کے ثمرات ہمیں مل رہے ہیں۔ ہم بہن بھائیوں نے تو زندگیاں کلر کہار سے باہر گزاری ہیں مگر جب کبھی ہم کلر کہار جاتے ہیں تو ہمیں تمام گاؤں کے لوگ کیا بڑے کیا چھوٹے عزت و تعظیم پیش کرتے ہیں۔ اس طرح ہمیں بے پایاں خوشیاں ملتی ہیں تو ساتھ ہی والدین کے لئے دلی دعائیں نکلتی ہیں کہ مولیٰ کریم ہمارے والدین کو اعلیٰ علیّین میں مقام و درجات عطا فرمائے اور ساتھ ہی یہ بھی دعا ہے کہ مولیٰ کریم ہر احمدی جوڑے کو ایسے ہی اوصاف عطا فرمائے جیسے اللہ تعالیٰ نے ہمارے والدین کو عطا فرمائے تھے۔ آمین یا رب العالمین

اماں جی محترمہ کی طرف سے اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کا حج بدل کرنے کا موقع عطا فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی مبارک تحریک وقف عارضی پر لبیک کہتے ہوئے اکتوبر 1969ء میں دو ہفتہ کے لئے خوشاب شہر میں ہمارے والدین وقف عارضی پر گئے تھے۔ اس وقت سے لے کر آج تک وہاں کے چیدہ چیدہ احباب و خواتین سے تعلقات چلے آ رہے ہیں۔

ہماری اماں جی نے باقاعدہ طور پر مدرسہ کی تعلیم تو حاصل نہیں کی تھی لیکن ان کے شوق اور ابا جی کی کوشش سے حضرت مسیح موعود اور سلسلہ کی دیگر بڑی بڑی کتب پڑھ لیتی تھیں۔

بالآخر 25 مئی 2004ء کو کامیاب و کامران زندگی گزارنے کے بعد بعمر 96 سال مالک حقیقی کے بلاوے پر رحلت فرما گئیں اور 26 مئی 2004ء کو احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں ناظر اعلیٰ و امیر مقامی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی اور انہوں نے ہی بعد تدفین دعا کروائی۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

داعیان الی اللہ کے مظفر و منصور ہونے کی دعا

سیدنا حضرت مسیح موعود نے اپنے دعویٰ مسیحیت کی ضخیم کتاب ازالہ اوہام حصہ اول صفحہ 25,24 مطبوعہ 1891ء میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی بلند پایہ علمی شخصیت کا ذکر بایں الفاظ فرمایا:۔

''میرے ایک مخلص دوست مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی ...... نو تعلیمیافتہ جوان اور تربیت جدیدہ کے رنگ سے رنگین اور نازک خیال آدمی ہیں۔ جن کے دل پر میرے محبّ صادق اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب کی مربیانہ اور استادانہ صحبت کا نہایت عمدہ بلکہ خارق عادت اثر پڑا ہوا ہے وہ...... جو اب قادیان میں میرے ملنے کے لئے آئے، وعدہ فرما گئے ہیں کہ میں ...... تہذیب حقیقی کے بارہ میں ایک رسالہ تالیف کر کے شائع کروں گا۔''

ازاں بعد دعوت الی اللہ کی سرگرمیوں میں خارق عادت برکت کے لئے حضرت اقدس نے درج ذیل الفاظ میں متضرعانہ دعا کی جس نے آسمانوں پر دھوم مچا رکھی ہے۔

''اے خداوند قادر مطلق اگرچہ قدیم سے تیری یہی عادت اور یہی سنت ہے کہ تو بچوں اور امیوں کو سمجھ عطا کرتا ہے اور اس دنیا کے حکیموں اور فلاسفروں کی آنکھوں اور دلوں پر سخت پردے تاریکی کے ڈال دیتا ہے مگر میں تیری جناب میں عجز اور تضرع سے عرض کرتا ہوں کہ ان لوگوں میں سے بھی ایک جماعت ہماری طرف کھینچ لا جیسے تو نے بعض کو کھینچا بھی ہے اور ان کو بھی آنکھیں بخش اور کان عطا کر اور دل عنایت فرما تا وہ دیکھیں اور سنیں اور سمجھیں اور تیری اس نعمت کا جو تو نے اپنے وقت پر نازل کی ہے قدر پہچان کر اس کے حاصل کرنے کے لئے متوجہ ہو جائیں۔ اگر تو چاہے تو تو ایسا کر سکتا ہے کیونکہ کوئی بات تیرے آگے انہونی نہیں۔ آمین ثم آمین۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 119)

قاضی فیملی امرتسر۔ خدمت دین اور اس کی برکات

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

جماعت احمدیہ کے ابتدائی دور سے تین خاندان حضرت مسیح موعود کے موعود و مبشر خاندان سے مثالی عقیدت، مالی خدمت اور علمی سرگرمیوں میں ہمیشہ ممتاز چلے آرہے ہیں۔

1۔ سیکھواں برادران (بیعت 23 نومبر 1889ء) حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس اس مبارک اور قدیم خاندان کے چشم و چراغ تھے۔

2۔ میاں فیملی (لاہور) کے درخشندہ گوہر حضرت میاں معراج دین عمر صاحب 23 نومبر 1891ء کو داخل احمدیت ہوئے۔

3۔ قاضی فیملی امرتسر جس کے سربراہ حضرت قاضی ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب جیسے عارف باللہ اور ہمدرد خلائق اور مجسم ایثار بزرگ تھے جنہیں 1898ء میں امام الزمان کی بیعت کا عظیم اعزاز حاصل ہوا اور 10 راگست 1928ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

قاضی فیملی کی نابغۂ روزگار شخصیت

حضرت پروفیسر سید عبدالقادر صاحب بھاگلپوری ایم اے (اگست 1887ء۔26 فروری 1978ء) حضرت مولانا سید عبدالماجد صاحب بھاگلپوری (خسر حضرت مصلح موعود) کے صاحبزادے تھے۔ جنہوں نے اپنے والد معظم سے قبل ہی بذریعہ خط 1902ء میں بیعت کی۔ 1903ء میں حضرت مولانا حکیم نور الدین بھیروی (خلیفۃ المسیح الاول) و ضیغم احمدیت حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب کی شاگردی اختیار کی اور 1905ء میں قادیان رہ کر مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ میری تحقیق کے مطابق آپ جماعت احمدیہ کے پہلے مولوی فاضل بزرگ ہیں۔ آپ نے اسلامیہ کالج لاہور۔ ریون شا کالج اڑیسہ، پٹنہ کالج اور زیادہ عرصہ اسلامیہ کالج کلکتہ میں شاندار تدریسی خدمات انجام دیں۔ آپ کلکتہ یونیورسٹی کی سینٹ اور سنڈیکیٹ کے ممبر بھی تھے۔

حضرت سید عبدالقادر حضرت قاضی کرم الٰہی صاحب کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:۔

"1905ء میں حضرت مسیح موعود کے عہد مبارک میں قادیان سے رخصت ہونے کے کچھ عرصہ بعد میری طالب علمی کا دوسرا دور شروع ہوا۔ جہاں میں چھ سال تحصیل علم کے لئے علی گڑھ کالج میں داخل ہوا۔ یہ زمانہ حضرت اقدس کے آخری ایام سے شروع ہو کر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے دور خلافت کے آخری دنوں تک رہا۔ اس لمبے عرصے میں چونکہ مجھے اکثر دارالامان کی حاضری کا موقع تعطیلات کے دنوں میں ملتا رہا۔ اور میں بعض ایسے دوستوں کے ساتھ امرتسر میں قیام کرتا رہا جو علی گڑھ کالج میں میرے ہم جماعت تھے۔ اس لئے ڈاکٹر صاحب سے دیگر افراد جماعت احمدیہ امرتسر کی معیت میں کثرت سے ملنے اور آپ کی صحبت و ہم نشینی کا موقع بھی خوش قسمتی سے ملتا رہا۔ ان ہی دنوں میں مجھے ڈاکٹر صاحب کے شمائل طیبہ کے مطالعہ کا بھی موقع ملا۔

ڈاکٹر صاحب ایک کشیدہ قامت، کشادہ جبین، عریض الصدر، وجیہہ اور اپنی طرز گفتار اور پسندیدہ اطوار کی بناء پر بزرگی اور (دینی) زندگی کے بہترین نمونہ تھے۔ اور آپ کا دیکھنے والا، آپ کے اچھے شمائل کا پرتو آپ کے ظاہر سے بھی پالیتا تھا۔ اور متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔

ڈاکٹر صاحب سے میری نیاز و ملاقات کا زمانہ وہ تھا جب آپ ملازمت سے سبکدوش ہو کر اپنے وطن مالوف میں ڈاکٹری کے شغل میں مصروف تھے۔ آپ کے خصائل کا مطالعہ کرنے والا یہاں اچھی طرح آپ کی بردباری، نیک خوئی، مصیبت زدہ بیماروں کی شکایات کی طرف خوش خوئی سے توجہ دینے کا اندازہ بآسانی کرسکتا تھا۔ اور یہاں آپ کے پاس بیٹھ کر اندازہ ہوسکتا تھا کہ آپ کس قدر متحمل مزاج اور مخلوق خدا کے ساتھ ہمدردی کرنے والے بزرگ تھے۔

بارہا وہ نہ صرف مریضوں کا علاج کرتے بلکہ اپنے پاس سے دوائیں بھی مہیا فرمادیتے۔ یہی وجہ ہے کہ نہ صرف احمدی احباب بلکہ مخالف بھی آپ کے گرویدہ تھے۔ اور ایک مرتبہ جب میں قدرے علیل ہوگیا تھا اور کسی ہمدرد نے آپ کو اطلاع دے دی تھی۔ آپ خود دوا لے کر آئے۔ جس سے آپ کی گرم جوشی سے مدد کرنے کا اندازہ ہوا جو طبعاً آپ میں پائی جاتی تھی۔

اس ابتدائی زمانے میں جماعت کے کارکنوں یا خدمت کرنے والوں کے لئے موجودہ نظام کی طرح کوئی معین عہدے نہ تھے۔ بلکہ جماعت کے بزرگ اور دیگر احباب رضا کارانہ طور پر خدمات انجام دینے والے دوست اپنی دلی خواہش اور صرف حصول ثواب کی خاطر نمایاں خدمتیں بجالاتے تھے۔ امرتسر کے بزرگوں میں سے میں نے حضرت کرم الٰہی صاحب اور ڈاکٹر عباداللہ صاحب کو اس بارہ میں بہت ممتاز پایا۔ اور آپ ان رفقاء میں سے تھے جو اپنے ایثار اور جماعت کے افراد کے لئے وقت دینے یا مدد کرنے میں بہت نمایاں حصہ لینے والے تھے۔

جہاں تک مجھے یاد ہے اور علم ہے ڈاکٹر صاحب چندہ نہ صرف پابندی کے ساتھ عطا فرماتے تھے بلکہ جماعت کی مالی امداد اور اس کی فراہمی میں بہت پیش پیش تھے اور اس بارہ میں آپ کی امانت اور دیانتداری اپنی مثال آپ تھی۔

میرا حافظہ جہاں تک مدد دے سکتا ہے مجھے یاد ہے کہ کٹڑہ جیمل سنگھ کے عقب میں (بیت) احمدیہ واقع تھی۔ جہاں احباب جماعت جمعہ اور نماز جماعت کے لئے اکٹھے ہوتے تھے۔ اور وہیں مجالس بھی منعقد ہوتی تھیں۔ ایسے اجتماعات میں میں نے دیکھا کہ حضرت ڈاکٹر صاحب آداب (بیت) و آداب اجتماع کا پورا پورا لحاظ فرماتے۔ آپ کی نمازوں میں خشوع اور توجہ کے ساتھ ایک وقار اور تعلق باللہ کا پتہ لگتا تھا جو عجلت پسند اور عبادت کو محض عادت کے طور پر ادا کرنے والے میں نہیں پایا جاتا تھا اور احباب یا حاضرین سے گفتگو میں آپ بہت نرم طریقے اختیار فرماتے اور بڑی وسعت قلبی سے اپنے مخاطب کو اظہار رائے کا موقع دیتے۔

ڈاکٹر صاحب اپنے لباس میں کوئی نمائش اور دکھاوے کا پہلو نہیں رکھتے تھے۔ سفید عمامہ، صاف پاجامہ اور کرتہ اور کبھی کبھی صدری جو اس زمانہ میں مروج تھی زیب تن فرماتے تھے۔ اور آپ کی پوشاک سے آپ کی سادگی پاکیزگی طبع کا پورا پورا اثر دیکھنے والے پر ہوتا تھا۔

مجھے آپ کے در دولت پر قیام کی خوش نصیبی تو میسر نہ ہوئی لیکن ملنے ملانے اور خدمت کے اتنے موقعے مختلف اوقات میں ملے کہ میں بغیر کسی خوف تردید کے آپ کی اعلیٰ اخلاقی طور پر معاشرتی زندگی کی پاکیزگی کی گواہی دے سکتا ہوں اور اس کی وجہ معقول میرے پاس یہ ہے کہ آپ نے مصروفیتوں کے اوقات کی ایسی پسندیدہ تقسیم کر رکھی تھی کہ اس میں سوائے حسن معاشرت کے کسی اور امر کی گنجائش ہی نہ تھی۔ کاموں میں صحیح مصروفیت اور پابندی اوقات و نظم کار نے جہاں تک میں نے غور سے دیکھا کوئی ایسا رخنہ نہ رہنے دیا تھا کہ آپ کی زندگی کے معاشرتی پہلو سوائے حسن سیرت پر محمول کرنے کے اور کوئی راہ خلل کی چھوڑی ہو۔

میری عمر اس وقت طالب علمی ہی کی تھی اور میں کالج کی بڑی جماعتوں میں آچکا تھا۔ اس لئے ایسے امور کا اندازہ کرنے کی قدرے صلاحیت ضرور تھی۔ خصوصاً جبکہ میں اپنی طالب علمی کے زمانے میں آپ کے کئی صاحبزادوں مثلاً ڈاکٹر محمد بشیر صاحب آئی سپیشلسٹ لاہور اور ڈاکٹر محمد منیر صاحب سے بکثرت ملتا جلتا رہتا تھا۔

میں نے آپ کے نظام مشاغل اور تنظیم کار پر غور کرکے یہ بات محسوس کرلی تھی کہ حسن تربیت کا راز صحیح اور کارآمد مشغولیت میں ہے۔ اگر نوجوانوں کے سامنے صحیح نظام کار ہو اور خود اس نظام کو چلانے والا بھی ان اصولوں کا پابند ہو تو اس کے نتائج پسندیدہ اور مفید و دور رس ہوتے ہیں۔ چنانچہ احمدی احباب جو آپ سے اور آپ کے خانوادہ سے تعلق رکھتے ہیں یا واقف ہیں بلاریب اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ جناب ڈاکٹر صاحب نہ صرف ایک معالج جسمانی تھے بلکہ صحیح معنوں میں اخلاقی اور دماغی تربیت کے بہترین ماہر تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی حسن تربیت کے بہترین نتائج ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں آشوب روزگار سے محفوظ رکھے۔ اور دوسروں کو آپ کی اقتداء کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

امرتسر، پنجاب اور دوسرے صوبوں کا دارالامان جانے والوں کے لئے ایک ضروری گزرگاہ یا معبر تھا۔ یوں تو احباب امرتسر اس امر کا خیال رکھتے تھے کہ دارالامان جانے والے احباب کو خاص کر دور کے آنے والوں اور ناواقفوں کو آسانیاں ہوں۔ اور ہر ایک ان دوستوں میں سے اس امر کا خصوصی خیال رکھتا تھا۔ جیسے جناب ڈاکٹر عباداللہ صاحب یا بھائی نبی بخش صاحب کٹڑہ اہلووالیہ کے رہنے والے لیکن ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب بھی ان امور میں دوسرے احباب کے دوش بدوش چلتے تھے۔ اور آپ مناسب اور ضروری مواقع پر واردین اور صادرین کے لئے بڑی کشادہ پیشانی سے حق مہمان نوازی ادا فرماتے تھے۔ جس میں آپ کی وسعت قلبی اور فراخدلی کی پوری جھلک نظر آتی تھی۔

ڈاکٹر صاحب اپنے زیر علاج مریضوں کے ساتھ محبت و شفقت کا سلوک فرمایا کرتے تھے اور جہاں تک میں نے دیکھا تھا۔ سہل طریقے اختیار فرماتے تھے۔ یوں بھی وہ زمانہ اس زمانہ کی طرح اینٹی بائیوٹک، کثرت سے پیٹنٹ دواؤں اور انجکشنوں کا نہیں تھا۔ اس لئے علاج و معالجہ کو پیشہ وارانہ طور پر طول دینے کے مواقع بھی کم تھے۔ بعض دفعہ ڈاکٹر صاحب آسان اور موثر طریقے اختیار فرماتے۔

(کتاب "کرم الٰہی" ص 154 تا 157 تصنیف محترم ڈاکٹر منور احمد صاحب اشاعت اکتوبر 1996ء)

حضرت ڈاکٹر قاضی محبوب عالم صاحب آف جے پور

قاضی فیملی میں قبول احمدیت کی سعادت سب سے پہلے حضرت ڈاکٹر قاضی کرم الٰہی صاحب کے فرزند اکبر حضرت ڈاکٹر محبوب عالم صاحب آف جے پور (ولادت 1868ء وفات 12 مئی 1933ء) کو نصیب ہوئی۔

چاہے کسی کو شاہ کرے یا گدا کرے
طاقت نہیں کسی کی کہ چون و چرا کرے

آپ کے ایک پیارے بھائی اور نہایت مخلص اور مجسمہ خدمت ڈاکٹر قاضی الحاج محمد منیر صاحب (ولادت جون 1895ء۔ وفات 6 مارچ 1979ء) بھی تھے۔ جنہوں نے اپنے والد معظم کے وصال کے بعد جماعت احمدیہ امرتسر کی تقسیم ہند 1947ء تک کی امارت کا حق اس شان سے ادا کیا کہ پوری جماعت عش عش کر اٹھی۔ آپ کے زریں دور سیادت و قیادت کی عظمتوں اور

رفعتوں میں اور بھی بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ اس زمانہ کی مخالفت کا نقشہ فلم کی طرح ہمارے سامنے آتا ہے جبکہ ''سیرت النبیؐ'' کے جلسوں کی منادی کرنے والے مخلص خدام کو اس کی منادی کرنے پر زدوکوب کیا جاتا اور کپڑے تار تار کر دیئے جاتے تھے بلکہ ایک بار تو ''جلسہ سیرت النبیؐ'' ہنگامہ آرائی کی نذر ہو گیا۔

جناب ڈاکٹر قاضی محمد منیر صاحب کے قلم سے حضرت ڈاکٹر محبوب عالم صاحب کے پُرکیف کوائف درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ آپ اپنے والد ماجد کے آغوشِ احمدیت میں آنے کے محرک واقعات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''دوران قیام جہلم میں مولوی برہان الدین صاحب مرحوم سے آپ کا تعارف ہو گیا تھا۔ آپ کے لاہور آنے پر مولوی صاحب آپ کو ملنے کے لئے آیا کرتے تھے۔ ان دنوں ملکہ وکٹوریہ کی جوبلی کا جشن ہوا تھا۔ مولوی صاحب بہت سے ٹریکٹ اور اشتہارات لائے۔ اور والد صاحب کو سناتے رہے۔ آپ ان ٹریکٹوں کو بعد میں بار بار پڑھتے رہے۔ اور گھر میں بھی سناتے رہے۔ آپ کے ماموں زاد بھائی مولوی عنایت اللہ صاحب احمدی آپ سے پہلے سلسلہ میں داخل ہو چکے تھے۔ وہ بھی قادیان آتے جاتے لاہور میں آپ کے پاس ٹھہرتے تھے۔ اور قادیان کی باتیں والد صاحب ان سے دریافت کیا کرتے تھے۔ ان واقعات نے آپ میں سلسلہ کے ساتھ دلچسپی پیدا کر دی تھی۔ آپ کے فرزندان میں سے برادرمکرم ڈاکٹر محبوب عالم صاحب (جے پور) کہ اس وقت تک وہی سن فراست تک پہنچے تھے۔ ان گفتگوؤں سے جو گھر میں ہوتی رہتی تھیں بہت متاثر ہوئے۔ لیکن والد صاحب چونکہ ابھی باقاعدہ بیعت میں داخل نہ ہوئے تھے بھائی صاحب نے والد صاحب سے کسی قدر جھجک کے ساتھ قادیان جانے کی اجازت چاہی۔ والد صاحب نے ان کے درخواست کرنے پر بڑی خوشی سے کرایہ دے کر ان کو قادیان رخصت کیا۔ جہاں انہوں نے بیعت کر لی۔ واپسی پر والد صاحب اس سفر کی تمام باتیں اور قادیان کے حالات ان سے بڑے غور سے سنتے رہے۔ ازاں بعد والد صاحب نے اپنے دوسرے بیٹے محمد اکرم صاحب (انسپکٹر پولیس ڈیرہ دون) کو اپنے والد صاحب یعنی ہمارے دادا صاحب کے ہمراہ قادیان بھیجا۔ جہاں وہ بھی سلسلہ میں داخل ہو گئے۔ اس کے بعد آپ نے اسٹیشن (غالباً) لاہور پر باقاعدہ طور پر بیعت کی اور سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہو گئے۔''

(الفضل قادیان 30/اکتوبر 1928ء)

